© rasailojaraid.com



# گلدستہ اخبار

**قادیان** کی ساری مزروعہ اراضی خاندانِ مرزا نے خرید لی تھی۔ اُس کے مالکان میں سے ایک وارث نے استرداد کا دعویٰ کردیا ہے۔ مقدمہ طول پکڑیگا۔

**خلیفہ قادیان** یوں تو ہمیشہ باپ کی طرح علیل رہتا ہے۔ اس ہفتہ علالت کی خاص خبر ہے۔ ناظرین دُعا کریں۔

**بٹالہ** میں انجمن شباب المسلمین کا جلسہ وسط جون میں ہُوا۔ جس میں قادیانیوں کی بڑے زور سے تردید کی گئیں۔

**قادیانیوں کے** خلیفہ کو مباحثہ کے لئے انجمن مذکور نے چیلنج دیا وہ مقابلہ پر نہ آیا

**جلسہ بٹالہ میں** قادیان سے کئی سو آدمی لٹھ بند آئے۔ ارکان جلسہ کی دور اندیشی سے فساد نہ ہُوا۔ الحمد للّٰہ

**پشاور** کے قریب ایک گاؤں میں ایک قادیانی نے پستول سے ایک حنفی مسلمان کو شہید کردیا۔ ایک زخمی کیا۔ (مولوی بہرام مبلغ)

**کریام** ضلع جالندھر میں پسر ثانی مرزا قادیانی کے جانے اور جلوس نکالنے پر سُنی مسلمانوں سے سخت لڑائی ہوئی۔

**خلیفہ قادیان** ۲۷ مارچ کو خطبہ جمعہ میں اعلان کیا تھا کہ ہم آریہ لیڈروں کے حالات بیان کرنے کے لئے ایک ہزار آدمی ایک مہینے میں طیار کرینگے جو گرفتاری پر ہوتے جائیںگے (مگر آجتک یہ اعلان صحیح ثابت نہیں ہُوا۔ فالواعبد ھا الا الاباطیل

**بوچیڑ خانہ** قادیان میں حفاظت پولیس بن گیا ہے۔ دیکھئے رہتا ہے یا حسبِ سابق ٹوٹتا ہے

**خلیفہ قادیان** کی دوسری بیوی کی بیماری کی خبر ہے۔ ناظرین دعا کریں۔

**لاہوری** جماعت مرزائیہ میں سے ایک شخص شیخ غلام محمد نے (بالہام مرزا) مصلح موعود ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔ لاہوری جماعت نے اس کو اپنے سے نکال دیا ہے۔

© rasailojaraid.com